# کُلسّیِوں کے نام پوُلُس رسُول کا خط

۱ پولُس جو مسیح یسوع کا رسول * ہے کی جانب سے سلام ، میں
ایک رسول ہوں جو خُدا کی مرضی سے
بھائی تِیمُتھِیس کی طرف سے بھی سلام۔
۲ کُلسّے کے رہنے والے مقدّس اور ایماندار بھائیوں اور بہنوں
پر مسیح میں ہمارے باپ خُدا کی طرف سے تمہیں فضل اور اطمینان
حاصل ہوتا رہے۔
۳ ہماری دُعاؤں میں ہم ہمیشہ تمہارے لئے خُدا کا شُکر
کرتے ہیں۔ خُدا جو ہمارے خُداوند یسوع مسیح کا باپ ہے۔ ۴ ہم
خُدا کے شکر گزار ہیں جو یسوع مسیح میں تمہارے ایمان کا باپ ہے۔
ہم نے یہ بھی سُنا ہے کہ تم خُدا کے لوگوں سے محبت رکھتے ہو۔ ۵
بڑی اُمّید تم سے قائم ہے آسمان میں جس کے متعلق تم خُوش
خبری کے ذریعہ سن چکے ہو سچّائی کی تعلیم ہے۔ ٦ جو تمہارے
پاس پہنچی ہے جسے سارے جہاں میں بھی پھل دیتی اور ترقی کرتی
جاتی ہے۔ چنانچہ جس دن سے تم نے اسکو سُنا اور اور خُدا کے فضل
کو سچّے طور پر پہچانا تم میں بھی ایسا ہی کرتی ہے۔ ۷ تم نے خُدا کے
فضل کو اِپفراس کے ذریعہ سُنا۔ اِپفراس ہمارے ساتھ کام کرتا ہے
۔ اور ہم اسی سے محبت کرتے ہیں۔ وہ ہمارے لئے مسیح کا ایماندار
خادم ہے۔ ۸ اِپفراس نے تمہاری محبت جو مقدّس روح سے ہے کہ
اسکے تعلق سے بھی ہمیں کہا ہے۔

9 جس دن سے ہم نے ان چیزوں کو سُنا ہے ہم تمہارے
لئے مسلسل دُعائیں کررہے ہیں۔ ہم یہ دُعا کرتے ہیں :

تم کامل طور سے ان چیزوں کو سمجھ جاؤ گے جو خُدا
چاہتا ہے ۔ تمہارے علم سے تم عقل اور سمجھنے کی
صلاحیت روحانی چیزوں کے متعلق پاؤ گے۔
۱۰ تا کہ تمہارے چال چلن خُداوند کے لائق ہو اور اسکو ہر
طرح پسند آئے اور تم میں ہر طرح کے نیک کام کا
پھل لگے اور خُدا کی پہچان میں بڑھتے جاؤ۔
۱۱ خُدا اپنی عظیم طاقت سے تم کو طاقتور بنائے گا۔ اور
تم زیادہ صابر ہوں گے اور کسی بھی تکلیف کو سہنے کی
صلاحیت ہو گی۔

تب تم خُوش رہو گے۔ ۱۲ اور خُدا باپ کا شکریہ ادا کرو گے
کہ اس نے تمہیں اس قابل بنایا کہ جو چیزیں اس نے اس کے
لوگوں کے لئے بنائیں جو نور کی سلطنت میں رہتے ہیں۔ ۱۳ خُدا
نے ہمیں تاریکیوں کے قبضہ سے بچایا ہے اور ہمیں اس کے چہیتے
بیٹے کی بادشاہت میں لایا ہے۔ ۱۴ بیٹے نے ہمیں آزاد رکھنے کی
قیمت ادا کی ہے۔ اس میں ہمارے گناہوں کی معافی ہے۔

### مسیح کے ذریعہ خُدا کو دیکھا

۱۵ کوئی بھی شخص خُدا کو نہیں دیکھ سکتا لیکن یسوع بالکل خُدا
کی مانند ہے ہر چیز جو بنائی گئی ہے یسوع اس پر حاکم ہے۔ ۱٦
اس کی قوت کے ذریعہ جو آسمان کی ہوں یا زمین کی ہوں دیکھی
ہوں یا ان دیکھی تمام روحانی قوتیں ،اختیارات ،خُداوند اور
حکومتیں ، تمام چیزیں مسیح کے ذریعہ سے اور مسیح کے واسطے ہی
پیدا ہوئی ہیں۔ ۱۷ ہر چیز کے تخلیق سے پہلے مسیح موجود تھا اور

---

**رسُول** یسوع نے اپنے لئے اِن خاص مددگاروں کو چُن لیا ہے۔

تمام چیزیں اس کی وجہ سے قائم رہتی ہیں۔ ۱۸ مسیح جسم کا سر
ہے ہر چیز اس سے ہی آتی ہے اور وہ خُداوند ہے جو موت سے اٹھایا
گیا اسی لئے ہر چیز میں یسوع بہت اہم ہے۔ ۱۹ خُدا ان تمام
لوگوں کی طرف سے جو مسیح میں رہتے ہیں خُوش ہوا تھا۔ ۲۰ اور
مسیح کے ذریعہ ان تمام چیزوں کے دوبارہ میل کرنے میں خُدا
خُوش تھا۔ وہ چیزیں جو آسمان میں اور زمین پر ہیں خُدا سلامتی دے
گا خُدا صلیب پر مسیح کے خُون کے ذریعہ سے سلامتی دی۔

۲۱ مسیح کے پاس آنے سے پہلے تم خُدا سے الگ ہوئے
تھے۔ کیوں کہ تم اپنے ذہنوں میں بُرے اعمال کی وجہ سے خُدا سے
دشمنی رکھتے تھے۔ ۲۲ لیکن مسیح نے تمہیں دوبارہ خُدا کا دوست بنا
دیا۔ مسیح جب جسمانی طور سے تھا اپنی موت سے خُدا سے ملا یا وہ
تمہیں خُدا کے سامنے مقدّس بے عیب اور بے الزام بنا کر اپنے
سامنے حاضر کرے۔ ۲۳ مسیح یہ سب کچھ کرتا ہے اگر تم خُدا کے
کلام کی خُوش خبری پر ایمان کا سلسلہ جاری رکھو تمہیں چاہئے کہ
تمہارے ایمان میں مضبوطی سے بڑھنے کا سلسلہ قائم رہے۔ جو امید
تمہیں خوش خبری سے ملی ہے اس سے مایوس نہ ہونا چاہئے۔ وہی
خُوش خبری دنیا بھر میں تمام لوگوں کو دی جا چکی ہے۔ میں
پولُس خُوش خبری دینے میں خادم ہوا ہوں۔

## کلیسا کے لئے پولُس کی خدمت

۲۴ اب میں تمہاری خاطر جو جسمانی تکالیف اٹھاتا ہوں اس
میں مجھے خُوشی ہے۔ اور مسیح کو بھی کئی طرح سے تکالیف جسمانی
وسیلہ سے اٹھانی پڑیں جو کلیسا ہے۔ کلیسا کے تکالیف اٹھانے میں
جو کمی باقی رہ گئی ہے۔ اسکو میں اپنے جسم میں مسیح کی خاطر پورا کرتا
ہوں۔ ۲۵ خُدا نے مجھے خصوصی کام کرنے کے لئے اس کلیسا کا
خادم بنا کر تمہارے فائدے کے لئے سپرد کیا تا کہ میں ضرور خُدا
کی تعلیمات کو مکمل کروں۔ ۲۶ یہ تعلیم ایک سچّا راز ہے۔ جو کئی
نسلوں سے ،بہت زمانے سے چھپا ہوا تھا۔ لیکن اب اس کے
مقدّس لوگوں کو معلوم ہوا ہے۔ ۲۷ خُدا نے فیصلہ کیا تھا کہ اس
کے لوگوں کو معلوم کرائے کہ غیر قوموں میں اس سچّے راز کے جلال
کی دولت کیسی ہے۔ وہ سچّ خُود مسیح ہے۔ جو تم میں ہے۔ اور جو
امید ہے اسکے جلال کی۔ اس میں ہم شریک ہو سکتے ہیں۔ ۲۸ ہم
اپنی پوری عقلمندی کے ساتھ مسیح کے بارے میں ہر ایک سے
باضابطہ اعلان کریں گے۔ ہم ہر ایک شخص کو نصیحت اور تعلیم
دیتے ہیں اس طرح ہم ہر ایک کو خُدا کے پاس لا کر مسیح میں کامل
کر کے پیش کریں۔ ۲۹ اس مقصد کے لئے میں اسکی اس قوت
کے موافق جانفشانی سے بہت محنت کرتا ہوں۔ یہ توانائی مجھے
مسیح نے دی ہے۔ وہ توانائی میری زندگی میں کام کر رہی ہے۔

۲ میں تم کو بتانا چاہتا ہوں کہ کس طرح بڑی محنت سے میں
تمہاری مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہوں اور اسی طرح ان
کے لئے جو لودیکیہ میں ہیں۔ اور جو شخصی طور پر مجھ سے کبھی نہ ملے
ہوں۔ ۲ اسلئے کہ ان کے دل کو سکون ہونے دو اور انہیں محبت
میں ایک ساتھ شامل ہونے دو اور مضبوطی سے ایمان میں طاقت ور
ہونے دو جو سمجھنے کا نتیجہ ہے۔ میرا مطلب ہے وہ خُدا کے سچّے
بھید کو پہچانیں جو کہ خُود مسیح ہے اور وہ راز مسیح ہے۔ ۳ مسیح میں
پورا خزانہ عقلمندی کا اور معلومات کا چھپا ہوا ہے۔

۴ میں اسلئے کہہ رہا ہوں کہ کوئی تم میں ایسا خیال نہ پیدا
کریں جو سننے میں تو اچھا لگے اور بالکل غلط ہو اور تم دھوکہ نہ کھا جاؤ۔
۵ حالانکہ میں تم سے دور ہوں مگر میرا دل تمہارے ساتھ ہے۔ میں
بہت خُوش ہوں یہ دیکھ کر کہ تمہاری زندگیاں اچھی ہیں اور تمہارا
مسیح کے ساتھ ایمان مضبوط ہے۔

## مسیح میں مضبوطی سے قائم رہو

۶ پس جس طرح تم نے مسیح یسوع کو خُداوند میں قبول کیا
ہے اسی طرح اس میں چلتے رہو۔ ۷ تمہارے ایمان کی جڑوں کو
مسیح میں گہرے جانے دو۔ زندگی اور قوت صرف اسی سے ہیں۔
تمہیں سچّائی سکھائی گئی ہے اور تمہیں اس سچّائی کی تعلیمات پر
برقرار رہنا چاہئے اور اس سے زیادہ تم خُوب شکر گزاری کیا کرو۔
۸ اِس بات پر یقین رکّھو کہ کہیں کوئی تمہیں جھوٹے خیالات
اور الفاظ جن کا کوئی مطلب نہیں ہوتا تمہیں بھٹکا نہ دے ایسے

خیالات انسانی تعلیمات کے ہیں نہ کہ مسیح کی طرف سے آئے ہیں۔
یہ خیالات دنیا کے ہیں اور کوئی قیمت نہیں رکھتے۔ ۹ خُدا کامل طور
سے مسیح میں رہتا ہے ۔ یہاں تک کہ زمین پر رہنے والی زندگی
میں بھی۔ ۱۰ اور مسیح میں تم مکمل رہو جس چیز کی ضرورت ہے
وہ سب تمہارے پاس ہے۔ مسیح ہی سب حاکموں کا حاکم اور
اختیار والا ہے۔

۱۱ مسیح میں ختنہ کا طریقہ الگ قسم کا ہے یہ ختنہ کسی آدمی
کے ہاتھوں نہیں ہوتی ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ تمہیں تمہارے
گناہوں سے چھٹکارہ دلایا گیا ہے ۔ اور یہی مسیح کی ختنہ کا طریقہ ہے ۔
۱۲ بپتسمہ دیتے وقت تم مسیح کے ساتھ دفن ہوئے۔ اور اس
بپتسمہ سے تمہیں خُدا نے اس کو موت سے اٹھایا اور تم بھی اسی
طرح اس کے ساتھ خُدا کی قوّت پر ایمان لا کر جی اٹھے۔ ۱۳ کیوں
کہ تم گناہوں کی وجہ سے روحانی طور پر مر چکے تھے ۔ اور تم گناہوں
کی قوت سے آزاد نہ تھے۔ لیکن خُدا نے تمہیں اس لئے چھٹکارہ دلا
یا اور تمہیں مسیح سے نئی زندگی ملی اور اس نے ہمارے سب گناہ
کو معاف کر دئے۔ ۱۴ ہم نے خُدا کے قانون کو توڑا اور اس کے
مقروض ہوئے۔ ہم اس قرض کو جو ہمارے نام پر اور ہمارے
خلاف تھا اور حکموں کی دستاویز مٹا ڈالی۔ لیکن خُدا نے اسکو صلیب
پر کیلوں سے جڑ کر سامنے سے ہٹا دیا۔ ۱۵ خُدا نے صلیب پر
روحانی حاکموں اور قوت والوں کو شکست دی اور انکا برملا تماشا بنایا
اور صلیب کے سبب سے ان پر فتح یابی کا شادیانہ بجایا۔

### آدمیوں کے بنائے ہوئے احکام پر مت چلو

۱۶ اس لئے کسی شخص کو تمہارے لئے کوئی شریعت مت
بنانے دو تمہارے کھانے پینے پر یا یہودی رسومات ( تیوہار نئے چاند
کا تیوہار یا سبت کے دن ) کے متعلق کوئی ضابطے مت بنانے دو۔
۱۷ پہلے یعنی یہ سب چیزیں ایک سایہ کے مانند تھیں جس پر
ہمیں چلنا چاہئے تھا لیکن جو اصل چیزیں ہیں وہ مسیح میں ہیں۔
۱۸ کچھ لوگ محبت کر کے غلط عاجزی بتاتے ہیں اور فرشتوں کی
عبادت کرتے ہیں وہ لوگ ہمیشہ رُویا کی باتیں کرتے ہیں جو وہ
دیکھتے ہیں ان لوگوں کو ایسا مت کہنے دو۔ "تم یہ کام مت کرو اگر
کرو گے تو تم غلطی پر ہو"۔ وہ لوگ بے وقوفی کے فخر میں ہیں کیوں
کہ وہ لوگ صرف آدمی کے خیالات کو ہی سوچتے ہیں اور خُدا کے
نہیں۔ ۱۹ ایسے لوگ اپنے سر کو اختیارات سے بچا نہیں پاتے ۔
تمام جسم مسیح سے قائم ہے اور مسیح کی وجہ سے اعضاء ایک
دوسرے کی نگہداشت کرتے ہیں اور مدد کرتے ہیں۔ اور جسم کی
نشو نما اسی طرح ہوتی ہے جیسے خُدا چاہتا ہے۔

۲۰ تمہاری موت مسیح کے ساتھ ہو گی اور دنیا کی بے کار
حکومت سے چھٹکارہ حاصل کرو گے تو پھر تم اپنے آپ کو دنیا سے
وابستہ کیوں بتاتے ہو۔ یعنی کیوں ان اصولوں کو اپناتے ہو۔
۲۱ "یہ مت کھاؤ"، "وہ مت چکھو"، اس کو مت چھوؤ؟" ۲۲
یہ تمام اصول زمین کی چیزیں، یہ چیزیں نوشتہ تقدیر کی ہیں جو کام
میں لاتے لاتے فنا ہو جاتی ہیں۔ یہ اصول صرف احکامات ہیں اور
لوگوں کی تعلیمات سے ہیں خُدا کے نہیں۔ ۲۳ یہ اصول دیکھنے
میں دانش مندانہ اصول دکھائی دیتے ہیں لیکن یہ اصول انسان کے
بنائے ہوئے مذہب کا ایک حصّہ ہیں جو لوگوں کو ادنیٰ بننے پر
مجبور کرتے ہیں اور ان کو اپنے آپ سزا دیتے ہیں یہ اصول آدمیوں
کو برائیوں سے گناہوں سے روکنے میں کوئی مدد نہیں کرتے۔

### مسیح میں تمہاری نئی زندگی:۔

۳ اگر تم مسیح کے ساتھ جِلائے گئے تو عالم بالا کی چیزوں کی
تلاش میں رہو۔ جہاں مسیح موجود ہے اور وہ خُدا کی دہنی
جانب بیٹھا ہے۔ ۲ تم آسمان کی چیزوں کے متعلق ہی سوچو
لیکن دنیا کی چیزوں کے متعلق نہیں۔ ۳ تم مر چکے ہو اور تمہاری
زندگی اب مسیح کے ساتھ خُدا میں پوشیدہ ہے۔ ۴ مسیح تمہاری
زندگی ہے۔ جب وہ دوبارہ آئے تو تم اس کے جلال میں ظاہر کئے
جاؤ گے۔

۵ تمہاری زندگی سے تعلق رکھنے والے اور تمہاری پچھلی زندگی
کے خیالات کو دور رکھو۔ یعنی جنسی گناہ، احسان مندی، برے
جذبات، بُرے خُواہشات اور لالچ کو جو بت پرستی کے برابر ہے۔

۶ ایسے گناہ کے اعمال پر خُدا کا غضب نازل ہو تا ہے*۔
۷ تمہاری پچھلی زندگی میں تم بھی ایسی چیزیں کر چکے ہو۔
۸ لیکن اب تم بھی ان سب کو یعنی غصّہ ، بد خُواہی ، بد گوئی
اور منہ سے گالی بکنا چھوڑدو۔ ۹ ایک دوسرے سے جھوٹ مت
بولو ۔ کیوں کہ تم نے تمہاری پرانی گناہوں کی زندگی کو اسکے
کاموں سمیت اتار ڈالا ہے۔ ۱۰ تم نے نئی زندگی شروع کی
ہے۔اور یہ نئی زندگی کی مسلسل تجدید ہو تی رہی ہے۔ تم خُدا کی
معرفت حاصل کرنے کے لئے جس نے تمہیں نئی زندگی دی اور
تم زیادہ سے زیادہ اسی کی مانند ہو رہے ہو۔ ۱۱ اور اس نئی
زندگی میں یونانیوں اوریہودیوں میں کوئی فرق نہیں اور ختنہ کیے ہو
ئے اور ختنہ نہیں کیے ہوئے لوگوں میں بھی فرق نہیں اسی طرح
ایک غیر تمدن یافتہ اور درانتی کاٹنے والوں میں غلاموں اور آزاد
لوگوں میں فرق نہیں لیکن مسیح سب کچھ اور سب میں اہم ہے۔
۱۲ خُدا نے تمہیں چن لیا ہے اور تم اس کے مقدّس لوگ ہو۔
وہ تم سے محبت کرتا ہے اسلئے تم ان چیزوں کو کرتے رہو۔ ان
کے ساتھ زیادہ سےزیادہ ہمدردی ،رحمدلی،عاجزی، نرمی اور
مہربانی سے پیش آؤ اور صبر کرو۔ ۱۳ ایک دوسرے سے غصّہ
مت کرو لیکن ایک دُوسرے کو معاف کر دیا کرو اگر کوئی شخص
تُمہارے خلاف غلطی کی ہے ، تب اس شخص کو معاف کردو۔ جس
طرح خُداوند نے تمہارے قصور معاف کئے۔ تمہیں بھی اسی طرح
کرنا چاہئے۔ ۱۴ ان سب چیزوں کو اپناؤ لیکن سب سے زیادہ اہم
محبّت ہے ۔ اور ان سب کے اوپر محبت کو جو کمال کا پٹکا ہے
باندھ لو۔ ۱۵ مسیح کو تمہاری سوچ پر قابو پانے دو اس کی سلامتی
تم پر ہو تم سب ایک جسم *میں ملے ہوئے کہلاؤ گے ۔ ہمیشہ شکر
کرتے رہو۔ ۱۶ مسیح کے کلام کو زیادہ سے زیادہ تمہارے میں
رہنے دو۔اور کمال دانائی سے آپس میں تعلیم اور نصیحت کرو اور اپنے
دلوں میں فضل کے ساتھ خُدا کے مِزامیر اور گیت اور رُوحانی
غزلیں گاؤ۔ ۱۷ اور کلام یا کام جو کچھ تم کرتے ہو وہ سب خُداوند
یسوع کے نام سے کرو۔ اور جو کچھ تم کرو اس کے لئے خُدا باپ کا
شکر یسوع کے ذریعہ سے بجا لاؤ۔

## تمہاری نئی زندگی کے اصول

۱۸ اے بیویو! اپنے شوہروں کی فرماں بردار اور ان کے
ماتحت رہو۔ کیوں کہ یہ صحیح طریقہ ہے خُداوند کے لئے کام کرنے
کا۔ ۱۹ اے شوہرو! اپنی بیویوں سے محبت کرو اور ان سے
سختی کے ساتھ نہ پیش آؤ۔
۲۰ اے بچو! ہر بات میں اپنے والدین کی اطاعت کرو اس
سے خُداوند خُوش ہوتا ہے۔
۲۱ اے والدو! اپنے بچوں کو مشتعل مت کرو کہیں وہ پست
ہمت نہ ہو جائیں۔
۲۲ اے خادمو! اپنے زمین کے آقاؤں کی پوری طرح فرماں
بردار رہو۔ اپنے آقا کی غیر موجودگی میں بھی اپنا کام صحیح طرح
سے کرو۔ تم لوگوں کو دکھاوے کے لئے خُوش مت کرو ایمانداری
سے اطاعت کرو کیوں کہ تم خُداوند کی عزت کرتے ہو۔ ۲۳ جو
کچھ تم کام کرتے ہو اس کام کو بہتر سے بہتر طریقہ پر انجام دو اس
طرح کام کرو جیسے تم خُداوند کے لئے کام کر رہے ہو۔ ۲۴ یاد رکھو
تم خُداوند سے اپنا انعام پاؤ گے ۔ وہ تمہیں دے گا جس کا اس نے
وعدہ کیا ہے ۔ تم حقیقت میں خُداوند مسیح کی خُدمت کرتے ہو ۔
۲۵ یاد رکھو چنانچہ جو شخص برائی کرتا ہے وہ اس کی سزا پائے گا۔
اور خُداوند ہر شخص سے یہی برتاؤ کرے گا وہاں کسی کی طرفداری
نہیں۔
۴ اے مالکو! تمہارے خادموں کے ساتھ نیک اور اچھا سلوک
کرو صاف دلی کے اصول پر ۔ یاد رکھو آسمان پر بھی تمہارا
ایک مالک ہے۔

## پولُس کا مشورہ مسیحیوں کے لئے

۲ ہمیشہ دُعائیں جاری رکھو اور جب تم دُعا کرو تو خُدا کا شکر

---

**آیت۶** تھوڑے یونانی نسخوں میں یہ شامِل ہے۔ "لوگوں کے خلاف وہ جو خُدا کی نافرمانی کریں"

جِسم مسیح کا رُوحانی جسم اِسکے معنی کلیسا یا اُسکے لوگ۔

کرو۔ ۳ ہمارے لئے بھی دُعا کرنا۔ دُعا کرو کہ خُدا ہمیں یہ موقع دے
کہ اسکا پیغام لوگوں کو دیں۔ دُعا کرو کہ ہم مسیح کی پوشیدہ سچّائی
کا پرچار کریں۔ جسکے لئے میں قید میں ہوں۔ ۴ دُعا کرو کہ میں اس
سچّائی کو لوگوں تک صاف انداز میں پہونچاؤں یہ میرا فرض ہے
کرنے کا۔

۵ عقلمند بنو اور مناسب سلوک غیر ایمان والوں کے ساتھ کرو
،اپنے وقت کو ضائع نہ کرو بلکہ جتنا بہتر گزار سکتے ہو گزارو۔ ۶
تمہاری تقریر خُوش گوار اور عقلمندی کی ہونی چاہئے تب ہی تم اس
لائق ہوگے کہ ہر شخص کی بات کا جواب دے سکو۔

## پولُس کے ساتھیوں کے حالات

۷ تخِکُس میرا عزیز مسیحی بھائی ہے وہ مددگار اور خادم خُداوند
کے وفاداروں سے میرے ساتھ ہے وہ تمہیں سب حالات میرے
متعلق بتائے گا۔ ۸ اسی لئے میں اسے بھیج رہا ہوں تاکہ تمیں
معلوم ہو کہ ہم کس طرح ہیں اور ساتھ ہی وہ تمہاری ہمت بڑھا
سکے گا۔ ۹ میں اسے انیُمس کے ساتھ بھیج رہا ہوں جو میرا قابل
بھروسہ اور ایماندار بھائی ہے اسکا تعلق تمہارے گروہ سے ہے۔

۱۰ ارسترخس سلام کہتا ہے وہ میرے ساتھ ایک قیدی
ہے اور مرقس جو برنباس کا رشتہ دار ہے وہ بھی سلام کہتا ہے تمہیں
ہدایت مل چکی ہے اگر وہ آئے تو گرم جوشی سے اُسکا استقبال
کرو۔ ۱۱ یسوع (اسکویوسٹُس بھی کہتے ہیں) وہ بھی سلام کہتا ہے
ان اہل ایمان یہودیوں میں سے صرف یہ اہل ایمان میرے
ساتھ خُدا کی بادشاہت کے لئے کام کرتے ہیں۔ اُن لوگوں سے مجھ
کو آرام ہے۔

۱۲ ایفراس بھی سلام کہتا ہے وہ مسیح یسوع کا خُدمت گزار
ہے۔ اور وہ بھی تمہارے گروہ میں سے ایک ہے وہ ہمیشہ تم لوگوں
کو روحانی عظمت کے لئے دُعا کرتا ہے۔ تاکہ جو کچھ خُدا چاہتا ہے وہ
تمہیں مل سکے ۔ ۱۳ میں جانتا ہوں کہ وہ تمہارے لئے سخت
محنت سے کام کیا ہے اور ہیراپلس کے لوگوں کے لئے بھی کام
کیا ہے ۔ ۱۴ دیماس اور ہمارے عزیز دوست لوقا۔ طبیب بھی
سلام کہتے ہیں۔

۱۵ اپنے لودیکیہ کے بھائیوں اور بہنوں کو سلام کہو اور
نمفاس اور کلیسا کو جو اسکے گھر میں جمع ہوتے ہیں بھی سلام ۔ ۱۶
یہ خط تم پڑھنے کے بعد لودیکیہ کے کلیسا کو بھیج دو تاکہ وہ بھی پڑھ
سکیں وہ خط جو میں نے لودیکیہ کو لکھا ہے ۔ ۱۷ ارخِپّس سے کہو
"جو کام خُداوند نے تمہیں دیا ہے وہ پورا کرے۔"

۱۸ میں پولُس اپنے ہاتھ سے سلام لکھتا ہوں۔ میری
زنجیروں کو یاد رکھنا خُدا کا فضل (مہربانیاں) تم پر ہوتا رہے۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html